
# بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ

## والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے رہنمائی

**بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ پوری سٹیٹ میں ہونے والی اسیسمنٹ (جانچ) ہے جس سے اساتذہ کو کنڈرگارٹن کے آغاز پر ہر طالبعلم کی انگلش پڑھنے، لکھنے اور حساب کی صلاحیتیں شناخت کرنے میں مدد ملتی ہے۔**




بچے پڑھنے، لکھنے اور حساب کی کئی مختلف ابتدائی صلاحیتوں اور دنیا اور اپنے گرد لوگوں کے ساتھ واسطے کے ذریعے حاصل کردہ علم و فہم کے ساتھ سکول شروع کرتے ہیں۔ بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ میں پڑھنے، لکھنے اور حساب کا جزو شامل ہے اور یہ اساتذہ کو ایک طالبعلم کی انفرادی لیاقتوں اور ضروریات کے متعلق معلومات دیتی ہے۔

یہ اسیسمنٹ اساتذہ کو ایسے تدریسی اور تعلیمی پروگرام بنانے میں مدد دیتی ہے جن کی بنیاد طالبعلموں کے موجودہ علم پر ہو۔ اساتذہ ہر طالبعلم کے ساتھ الگ سے بیٹھ کر غور کرتے ہیں کہ طالبعلم کیا کر سکتا ہے۔ آپ کے بچے کو اس اسیسمنٹ کے لیے تیاری یا پڑھائی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ چونکہ بچے مختلف رفتار سے سیکھتے ہیں، اگر آپ کا بچہ تمام سوالات کا جواب نہ دے سکے تو اس میں فکر کی کوئی بات نہیں ہے۔

اسیسمنٹ کے بعد جلد ہی اساتذہ آپ کو ان صلاحیتوں، علم اور فہم کے متعلق معلومات دیں گے جن کا مظاہرہ آپ کے بچے نے اسیسمنٹ کے دوران کیا تھا۔

بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ میں تمام طالبعلموں کو شامل کرنے کا انتظام ہے۔ اگر انگلش آپ کے گھر میں بولی جانے والی زبان نہیں ہے یا اگر آپ کے بچے کو کسی ردّوبدل کی ضرورت ہے تو اپنے سکول سے اس بارے میں مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں کہ آپ کے بچے کو سہارا دینے کا بہترین طریقہ کیا ہے۔

### پڑھنے اور لکھنے کی اسیسمنٹ

پڑھنے اور لکھنے کے کام یہ معلوم کرنے کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں کہ آیا طالبعلم اپنا نام لکھ سکتے ہیں، آوازیں، حروف اور جانے پہچانے الفاظ پہچان سکتے ہیں اور اس مختصر کتاب کی تفصیلات یاد رکھ سکتے ہیں جو انہیں پڑھ کر سنائی گئی ہے۔

پڑھنے اور لکھنے کی اسیسمنٹ کے دوران استاد آپ کے بچے سے ایسے سوالات پوچھے گا جیسے:

- یہ الفاظ سنیں: map, tap۔ کیا ایسی ہی آواز والا کوئی اور لفظ آپ کے ذہن میں آتا ہے؟'
- (ایک مختصر کتاب پڑھنے کے بعد) 'کیا آپ مجھے اس کہانی کے بارے میں بتا سکتے ہیں جو میں نے ابھی ابھی آپ کے لیے پڑھی ہے؟'

ان سوالات سے اساتذہ کو یہ طے کرنے میں مدد ملتی ہے کہ آیا آپ کا بچہ ایک جیسی آواز رکھنے والے الفاظ پہچان سکتا ہے اور خود کو پڑھ کر سنائی جانے والی کتاب سے معلومات یاد رکھ سکتا ہے۔ یہ پڑھنے اور لکھنے کی وہ اہم صلاحیتیں ہیں جو بچے سکول کے پہلے سال کے دوران پیدا کریں گے۔

### حساب کی اسیسمنٹ

حساب کے کاموں کا تعلق ہندسوں کے ابتدائی تصوّرات سے ہے اور انہیں یہ معلوم کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے کہ ایک طالبعلم گنتی میں کتنا اچھا ہے، وہ کونسے ہندسے پہچان سکتا ہے، آیا وہ چیزیں گن سکتا ہے، چھوٹے چھوٹے ہندسوں کو جمع یا تفریق کر سکتا ہے اور دہرائے جانے والے پیٹرن (سلسلے) پہچان سکتا ہے۔

حساب کی اسیسمنٹ کے دوران استاد آپ کے بچے سے ایسے سوالات پوچھے گا جیسے:

- ایک سے شروع کر کے گنتی سنائیں اور میرے روکنے تک سناتے جائیں'
- کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ یہ کونسا ہندسہ ہے؟' (5)

ان سوالات سے اساتذہ کو یہ طے کرنے میں مدد ملے گی کہ آیا آپ کا بچہ ہندسے پہچان سکتا ہے اور ایک سے شروع کر کے گنتی سنا سکتا ہے۔ یہ حساب کی وہ اہم صلاحیتیں ہیں جو بچے سکول کے پہلے سال کے دوران پیدا کریں گے۔

**بیسٹ سٹارٹ کنڈرگارٹن اسیسمنٹ کے متعلق مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کریں۔**

اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں۔ یہ آپ کی زبان کا انٹرپریٹر مہیا کر سکتی ہے جو سکول کے ساتھ بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔